5452-اسلام قبول کرنے سے پہلے گودائی کا نشان ہے جسے اب ختم کرنا تکلیف دہ ہے

سوال

میں جب کافرہ تھی اس وقت سے میرے کندھے پر گودنے کا نشان باقی ہے الحمدللہ اب میں مسلمان ہوں اور میرا خاوند اس کی مخالفت نہیں کرتا لیکن اس کے باوجود میں یہ نشان ختم کرنا چاہتی ہوں ،مجھے بتایا گیا ہے کہ اسے لیزر کے ساتھ ختم کیا جائے گا جو کہ زیادہ تکلیف دہ ہے کیونکہ جلد جلائی جائے گی میں چاہتی ہوں کہ بغیر حساب کے جنت والوں میں شامل ہوجاؤں ، ان شاءاللہ
میں اب توبہ کرچکی ہوں تو مجھے اب کیا کرنا چاہیے ؟
اللہ تعالی آپ کو جزائے خیر عطا فرمائے ۔

پسندیدہ جواب

اس اللہ تعالی کا شکر اور تعریف ہے جس نے آپ کو صراط مستقیم پر چلایا اور اس کی راہنمائی فرمائی ہم اللہ تعالی سے آپ کی ثابت قدمی کی دعا کرتے ہیں

اس نشان کے بارہ میں ہم یہ کہیں کہ اگر اسے آپریشن کے بغیر ختم نہیں کیا جاسکتا تو آپ پر کوئی ضروری اور لازم نہیں کہ اسے ختم کروائيں اس لیے کہ اس میں تکلیف اور مشقت ہے اور اذیت کا باعث ہے ، اور اللہ تعالی تو یہ فرماتا ہے کہ :

{اللہ تعالی نے تم پر دین میں کوئی سختی نہیں رکھی}.

اس فعل پر آپ کی ندامت اور کراہیت اور دوبارہ ایسے فعل کو نہ کرنا ہی کافی ہے ، اور دوسری بات یہ ہے کہ اسلام پہلے سب گناہوں کو ختم کرڈالتا ہے تو اس طرح اس نشان کا باقی رہنا آپ کے لیے ان شاءاللہ کوئی نقصان دہ نہیں ۔

اللہ تعالی آپ کو اپنی رضامندی اور محبت والے کام کرنے کی توفیق عطا فرمائے آمین ۔

واللہ اعلم .